© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## شیخ الحدیث حضرت مفتی محمد وجیہہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

دارالعلوم مظاہر العلوم حیدر آباد کے مہتمم، استاذ الحدیث حضرت مفتی محمد وجیہہ صاحب گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت مفتی محمد وجیہہ صاحب مظاہر العلوم سہارنپور کے فاضل، دارالعلوم ٹنڈواللہ یار کے سابق شیخ الحدیث اور حضرت مولانا مسیح اللہ صاحب رحمہ اللہ کے خلیفہ مجاز تھے۔ وہ ایک عالم باعمل اور حامل سنت نبوی تھے۔

مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، اور سیرت کمیٹی کوٹ غلام محمد (سندھ) کے امیر حافظ عبدالعزیز صاحب نے حضرت کے انتقال پر ان کے تمام پسماندگان و لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

**محترم ماسٹر غلام یسٰن صاحب کو صدمہ:** مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے امیر محترم ماسٹر غلام یٰسین صاحب کی بیٹی گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں، محترم ماسٹر صاحب اور خاندان کے دیگر افراد کو جو صدمہ پہنچا ہے وہ انتہائی گہرا ہے۔ ہم تمام اراکین ادارہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری، حضرت مولانا محمد اسحٰق سلیمی اور سید محمد کفیل بخاری محترم ماسٹر غلام یٰسین صاحب سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ مرحومہ کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور لواحقین کیلئے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہیں۔

## محترم عبدالمجید قریشی کو صدمہ:

معروف ادیب محترم عبدالمجید قریشی صاحب (ملتان) کی اہلیہ محترمہ گزشتہ ماہ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ اراکینِ ادارہ ان کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور محترم قریشی صاحب سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔

آزادی کی انقلابی تحریک

فوجی بھرتی بائیکاٹ 1939ء ✪ مؤلف محمد عمر فاروق
(قیمت 150 روپے)

✪ جنگ عظیم دوم میں ہندوستان سے انگریزی فوج میں بھرتی کے خلاف ایک عظیم تحریک ✪ فوجی بھرتی کے خلاف ہندوستان بھر میں مجلس احرار اسلام کی پہلی اور تنہا آواز ✪ اکابر احرار کی جرأت و کردار ✪ آزادی کے گمنام کارکنوں کا تذکرہ ✪ قربانی وایثار کی لازوال داستان ✪ ایمان پرور واقعات اور کفر شکن مہمات ✪ تاریخ آزادی ہند کے اس روشن باب پر پہلی کتاب

ملنے کا پتہ: بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان (فون: 511961)

© rasailojaraid.com